Department of Health & Social Care

عوام کے لیے معلوماتی لیفلیٹ

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال (کنٹینیوئنگ ہیلتھ کیئر) اور این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کی دیکھ بھال (نرسنگ کیئر)۔

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال اور این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے قومی فریم ورک کو تقویت دینا

شائع کردہ دسمبر 2018

DH ID box
عنوان: این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال اور این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے بارے میں عوام کے لیے معلوماتی لیفلٹ۔
مصنف: SCLGCP-SCP 25370-
دستاویز کا مقصد: عوام کے لیے معلوماتی لیفلیٹ
تاریخ اشاعت: دسمبر 2018
جن کے لیے ہے: عوام محکمہ صحت اور سماجی دیکھ بھال کے پیشہ ور افراد (ہیلتھ اینڈ سوشل کیئر پروفیشنلز)
رابطے کی تفصیلات NHS Continuing Healthcare and NHS-funded Nursing Care team Department of Health and Social Care 39 Victoria Street London SW1H 0EU

اوپن گورنمنٹ لائسنس کی شرائط کے تحت آپ اس دستاویز کی عبارت (لوگو سمیت نہیں) کسی بھی فارمیٹ یا ذریعے میں دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ لائسنس دیکھنے کے لیے، - www.nationalarchives.gov.uk/doc/open-government-licence/ ملاحظہ کریں

© Crown copyright 2016

gov.uk پر شائع، صرف پی ڈی ایف فارمیٹ میں۔
www.gov.uk/dh

شائع کردہ دسمبر 2018

مشمولات

مشمولات	3
تعارف..	4
این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال (کنٹینیوئنگ ہیلتھ کیئر)	5
صحت کی بنیادی ضرورت..	7
تشخیصات (اسیسمنٹس)	8
فاسٹ ٹریک پاتھ وے ٹول (تیزی سے رسائی حاصل کرنے کا ٹول)	12
اگلے اقدامات	13
نظرثانی	15
اہلیت کے فیصلے پر نظرثانی کے لیے انفرادی درخواستیں..	16
این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر..	17

تعارف

یہ کتابچہ ان لوگوں کی رہنمائی کے لیے ہے جو معذوری، حادثے یا بیماری کے نتیجے میں صحت اور سماجی دیکھ بھال کے پیشہ ور افراد کی مسلسل دیکھ بھال اور معاونت کے ضرورتمند ہو سکتے ہیں۔ یہ اس عمل کی وضاحت کرتا ہے جو اس بات کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ کیا کوئی شخص این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال (کنٹینیوئنگ ہیلتھ کیئر) کا اہل ہے

(اکثر اسے NHS CHC یا صرف CHC کہا جاتا ہے)۔

ہم سمجھتے ہیں کہ مسلسل دیکھ بھال کے لیے مالی مدد کے انتظامات پیچیدہ اور انتہائی حساس ہو سکتے ہیں اور اکثر لوگوں کو اُن کی زندگی کے انتہائی غیر یقینی مرحلے پر متاثر کرتے ہیں۔ قومی رہنمائی اس بات کو یقینی بنانے کے لیے موجود ہے کہ ہر ایک کو این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال تک منصفانہ اور مستقل رسائی حاصل ہو، قطع نظر اس کے کہ وہ انگلینڈ میں کہاں رہتے ہیں۔ یہ رہنمائی، جسے این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال اور این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے لیے قومی فریم ورک (نیشنل فریم ورک) کہا جاتا ہے، یہ بیان کرتا ہے کہ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کا تعین کیسے کیا جاتا ہے اور ضروریات کی تشخیص کیسے کی جانی چاہیے اور اُنھیں کیسے پورا کیا جانا چاہیے۔

نیشنل فریم ورک کو سب سے پہلے 2007 میں متعارف کرایا گیا تھا اور حال ہی میں 2018 میں اس کی تجدید کی گئی تھی۔ 2018 میں نیشنل فریم ورک میں کی جانے والی کسی بھی ترمیم اور وضاحتوں کا مقصد این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کے معیار یا اس تک رسائی کو تبدیل کرنا نہیں ہے۔ یہ کتابچہ قومی فریم ورک کی 2018 کی تجدید میں کی گئی تبدیلیوں کو مدنظر رکھتا ہے۔

عام مخففات

CHC یا **(NHS CHC)** = این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال (کنٹینیوئنگ ہیلتھ کیئر)

DST = فیصلے میں معاونت کا ٹول (آلہ)۔

FNC = این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر

CCG = کلینیکل کمیشننگ گروپ

MDT = ملٹی ڈسپلنری ٹیم (مختلف شعبوں کے افراد پر مشتمل ٹیم)

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال (کنٹینیوئنگ ہیلتھ کیئر)

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کیا ہے؟

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کا مطلب ہے کہ جاری دیکھ بھال کا ایک پیکج جس کا انتظام اور جس کے لیے رقم صرف نیشنل ہیلتھ سروس (این ایچ ایس) فراہم کرتی ہے جو کہ خاص طور پر نسبتاً تھوڑے سے افراد کے لیے ہوتا ہے (جنہیں بلند درجے کی ضرورت ہوتی ہے) جن کے بارے میں پتہ چلتا ہے کہ اُنہیں ' صحت کی بنیادی ضرورت' ہے (نیچے صحت کی بنیادی ضرورت کے سیکشن میں مزید معلومات ملاحظہ کریں)۔ اس طرح کی دیکھ بھال 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے کسی فرد کو فراہم کی جاتی ہے تا کہ صحت اور متعلقہ سماجی دیکھ بھال کی اُن ضروریات کو پورا کیا جا سکے جو کہ معذوری، حادثے یا بیماری کے نتیجے میں پیدا ہوئی ہیں۔

لوکل اتھارٹیز کی طرف سے فراہم کردہ مدد کے برعکس، جس میں ہو سکتا ہے کہ متعلقہ شخص کو آمدنی اور بچت کے لحاظ سے مالی حصہ ڈالنا پڑے، این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال مفت ہے۔ یہ کلینیکل کمیشننگ گروپ (CCG) کی ذمہ داری ہے کہ وہ کسی ایسے شخص کے لیے مدد کے مناسب پیکج کا فیصلہ کرے جو این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہل ہو۔

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے کون اہل ہے؟

18سال سے زائد عمر کے وہ افراد جن کی تشخیص ہوئی ہے کہ اُنہیں ’صحت کی بنیادی ضرورت‘ ہے وہ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے حقدار ہیں۔ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کسی خاص بیماری، تشخیص یا حالت پر منحصر نہیں ہے اور نہ ہی اس بات پر کہ دیکھ بھال کون فراہم کرتا ہے یا وہ دیکھ بھال کہاں فراہم کی جاتی ہے۔

آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل کیسے بنتے ہیں؟

ایک چیک لسٹ کے ساتھ سکریننگ کا عمل ہوتا ہے جس کے بعد اہلیت کی مکمل تشخیص (اسیسمنٹ) ہوتی ہے جو اس بات کا تعین کرنے میں مدد دیتی ہے کہ آیا کوئی شخص این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہل ہے یا نہیں۔ اس عمل کے بارے میں مزید معلومات بعد میں اس کتابچے میں مل سکتی ہیں۔

آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟

آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کسی بھی ماحول (سیٹنگ) میں حاصل کر سکتے ہیں (شدید بیماری کے لیے فوری علاج کے ہسپتالوں کے علاوہ)

- بشمول اپنے گھر میں یا کیئر ہوم میں۔ اگر آپ اپنے ہی گھر میں این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال حاصل کرنے کے اہل پائے جاتے ہیں تو

این ایچ ایس آپ کی دیکھ بھال اور معاونت کے پیکج کی ادائیگی کرے گی تا کہ آپ کی تشخیص کردہ صحت اور متعلقہ سماجی

دیکھ بھال کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ اگر آپ کیئر ہوم میں این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال حاصل کرنے کے اہل پائے جاتے ہیں تو این ایچ ایس آپ کے کیئر ہوم کی فیس بشمول کھانے اور رہائش کی ادائیگی کرے گی۔

کیا این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے مجھے ادائیگی کرنی پڑے گی؟

نہیں۔ آپ کو فراہم کیے جانے والے این ایچ ایس کے دیکھ بھال کے پیکیج کو آپ کی صحت اور متعلقہ سماجی دیکھ بھال کی ضروریات کو پورا کرنا چاہیے جیسا کہ آپ کی دیکھ بھال کے منصوبے میں نشاندہی کی گئی ہے۔ دیکھ بھال کے منصوبے کو این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی اور/ یا این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی سروسز کو بیان کرنا چاہیے۔ کچھ حالات میں شاید آپ اضافی نجی دیکھ بھال کی خدمات خریدنا چاہیں، لیکن یہ فیصلہ لازمی طور پر رضاکارانہ ہونا چاہیے۔ کوئی بھی اضافی خدمات جو آپ خریدنے کا انتخاب کرتے ہیں اُنھیں اُن ضروریات کو پورا نہیں کرنا چاہیے جن کے لیے کلینیکل کمیشننگ گروپ(CCG) ذمہ دار ہے۔

کیا این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال ہمیشہ کے لیے جاری رہتی ہے؟

ضروری نہیں. این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہونے کے بعد، آپ کی دیکھ بھال کے لیے این ایچ ایس رقم فراہم کرے گی۔

آپ کے کیئر پیکج پر عام طور پر تین ماہ کے بعد نظرثانی کی جانی چاہیے، اور پھر ہر بارہ ماہ بعد۔ ان نظرثانیوں کی توجہ اس بات پر مرکوز ہونی چاہیے کہ کیا آپ کی دیکھ بھال کا منصوبہ یا انتظامات آپ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مناسب ہیں۔

اگر آپ کی ضروریات اس حد تک تبدیل ہوچکی ہیں کہ وہ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے آپ کی اہلیت پر اثر انداز ہو سکتی ہیں، تو CCG اہلیت کی ایک مکمل دوبارہ تشخیص (ری-اسیسمنٹ) کا انتظام کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کے مالی مدد کے انتظامات تبدیل ہو جائیں، کیونکہ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت بیماری اور/یا تشخیص کی بجائے ضروریات پر مبنی ہے (نیچے 'نظرثانی' کے سیکشن میں مزید معلومات ملاحظہ کریں۔)

صحت کی بنیادی ضرورت

'صحت کی بنیادی ضرورت' کا تصور اس بات کا تعین کرنے میں مدد کرتا ہے کہ این ایچ ایس کے لیے آپ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کون سی صحت کی خدمات فراہم کرنا مناسب ہے، اور لوکل اتھارٹیز کون سی خدمات فراہم کر سکتی ہیں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ یہ تصور سیدھا سادھا نہیں ہے۔ تاہم، یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ آپ کو صحت کی بنیادی ضرورت ہے یا نہیں، اہلیت کی تشخیص کی جائے گی جو چار اہم خصوصیات کے حوالے سے آپ کی متعلقہ ضروریات کے مجموعے کو دیکھتی ہے:

- **نوعیت:** یہ آپ کی ضروریات کی خصوصیات اور قسم اور ان ضروریات کے آپ پر ہونے والے مجموعی اثرات کو بیان کرتی ہے، بشمول ان ضروریات سے نمٹنے کے لیے درکار اقدامات کی قسم۔
- **شدت:** یہ آپ کی ضروریات اور ان کو پورا کرنے کے لیے درکار معاونت کی حد اور شدت ہے، بشمول پائیدار/مسلسل دیکھ بھال کی ضرورت کے
- **پیچیدگی:** یہ اس بارے میں ہے کہ آپ کی ضروریات کس طرح پیش آتی ہیں اور کس طرح باہم تعامل کرتی ہیں اور علامات کی نگرانی، بیماری (بیماریوں) کے علاج اور/یا دیکھ بھال کا انتظام کرنے کے لیے درکار مہارت کی سطح۔
- **ناقابل پیش گوئی ہونا:** یہ اس درجے کو بیان کرتا ہے جس درجے کا آپ کی ضروریات میں اتار چڑھاؤ ہوتا ہے اور اس طرح ان کے انتظام میں مشکلات پیدا ہوتی ہیں، بشمول آپ کی صحت کو لاحق خطرات اگر مناسب اور بروقت دیکھ بھال فراہم نہیں کی جاتی۔

اگر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آپ کی صحت کی بنیادی ضرورت ہے تو آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہوں گے۔

آپ قومی فریم ورک (پیراگراف 54-66) میں صحت کی بنیادی ضرورت کے بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں۔

اسیسمنٹس (تشخیصات)

اس بارے میں فیصلے کرنا کہ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے کون اہل ہے

اہلیت کی تشخیص اور فیصلہ سازی کے عمل میں متعلقہ شخص پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو تشخیص اور دیکھ بھال کی منصوبہ بندی کے عمل کے مرکز میں رکھنا۔

اس کا یہ بھی مطلب ہے کہ اس بات کو یقینی بنانا کہ آپ کو تشخیص کے عمل میں مکمل کردار ادا کرنے کا موقع ملے اور جہاں ضرورت ہو وہاں آپ کو ایسا کرنے کے لیے معاونت ملے۔ آپ کسی دوست یا رشتہ دار سے یہ درخواست کر کے کہ وہ آپ کے نمائندے کے طور پر کام کرے اور آپ کے خیالات کی وضاحت کرنے میں مدد دے ایسا کر سکتے ہیں۔

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے مکمل تشخیص کے عمل میں عام طور پر دو مراحل شامل ہوتے ہیں: چیک لسٹ ٹول کا استعمال کرتے ہوئے سکریننگ (جانچ) ، اور فیصلے میں معاونت کا ٹول استعمال کرتے ہوئے اہلیت کی مکمل تشخیص (فاسٹ ٹریک عمل کے بارے میں معلومات کے لیے صفحہ 12 دیکھیں)۔

چیک لسٹ ٹول کا استعمال کرتے ہوئے سکریننگ (جانچ)

زیادہ تر افراد کی تشخیص کے عمل میں پہلا مرحلہ چیک لسٹ ٹول کا استعمال کرتے ہوئے سکریننگ ہے۔ چیک لسٹ کو مختلف سیٹنگز (ماحولیات) میں استعمال کیا جا سکتا ہے تا کہ پریکٹیشنرز ان لوگوں کی نشاندہی کر سکیں جنہیں این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کی مکمل تشخیص کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

چیک لسٹ اس بات کی نشاندہی نہیں کرتی کہ کیا آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہیں، صرف یہ نشاندہی کرتی ہے کہ کیا آپ کو اہلیت کی مکمل تشخیص کی ضرورت ہے۔ اس بات سے آگاہ ہونا اہم ہے کہ جو لوگ 'سکرین ان (جانچ میں شامل)' ('مثبت چیک لسٹ' کے حامل) ہوتے ہیں جب اُن کی مکمل تشخیص کر لی جاتی ہے تو اُن کی اکثریت اہل نہیں پائی جاتی۔

چیک لسٹ کی حد جان بوجھ کر کم رکھی گئی ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ جنہیں این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کی تشخیص کی ضرورت ہوسکتی ہے اُنھیں یہ موقع ملے۔

چیک لسٹ کب مکمل کی جانی چاہیے؟

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے سکریننگ آپ کے لیے صحیح وقت اور مقام پر ہونی چاہیے اور جب آپ کی جاری ضروریات معلوم ہوں۔ چیک لسٹ اُس وقت مکمل کی جا سکتی ہے جب آپ

ہسپتال میں ہوں یا کمیونٹی سیٹنگ میں ہوں۔

آپ کو عام طور پر چیک لسٹ کی تکمیل پر موجود ہونے کا موقع دیا جانا چاہیے، کسی بھی نمائندے کے ساتھ جو آپ کا ہو سکتا ہے۔

ہر ایک کے لیے چیک لسٹ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ بہت سے حالات ایسے ہیں جہاں چیک لسٹ مکمل کرنا ضروری نہیں ہے، خاص طور پر جب ایسا کوئی تاثر نہ ملتا ہو کہ شاید آپ کو این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کی ضرورت ہے یا جہاں آپ مختصر مدت کی بیماری سے صحت یاب ہو رہے ہیں اور آپ کی طویل مدتی ضروریات ابھی واضح نہیں ہیں۔

چیک لسٹ کے نتائج

چیک لسٹ کی تکمیل کے بعد دو ممکنہ نتائج ہیں:

- ایک **منفی** چیک لسٹ، اس کا مطلب ہے کہ آپ کو اہلیت کی مکمل تشخیص کی ضرورت نہیں ہے، اور آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل نہیں ہیں؛ یا

- ایک **مثبت** چیک لسٹ جس کا مطلب ہے کہ اب آپ کو این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کی مکمل تشخیص کی ضرورت ہے۔ اس کا لازمی طور پر یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہیں۔

منفی چیک لسٹ کے بعد اگلے اقدامات

منفی چیک لسٹ کا مطلب ہے کہ آپ کو اہلیت کی مکمل تشخیص کی ضرورت نہیں ہے اور اس لیے آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل نہیں ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ چیک لسٹ کا یہ نتیجہ غلط ہے، تو آپ CCG سے نتائج پر دوبارہ غور کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

مثبت چیک لسٹ کے بعد اگلے اقدامات

ایک مثبت چیک لسٹ کا مطلب ہے کہ آپ کو این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کی مکمل تشخیص کی ضرورت ہے۔

آپ کا CCG یہ مکمل تشخیص کروانے کا انتظام کرے گا۔ مثبت چیک لسٹ ہونے کا لازمی طور پر یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل پائے جائیں گے۔

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کی مکمل تشخیص

اہلیت کی مکمل تشخیص کے لیے، پیشہ ور افراد کی مختلف شعبوں کے افراد پر مشتمل ٹیم (جسے عام طور پر MDT کہا جاتا ہے) فیصلے میں معاونت کا ٹول (جسے اکثر DST کہا جاتا ہے) کا استعمال کرتے ہوئے یہ تشخیص کرے گی کہ آیا آپ کی صحت کی بنیادی ضرورت ہے یا نہیں۔

ایک MDT دو یا دو سے زیادہ پیشہ ور افراد پر مشتمل ہوتی ہے، اور اس میں عام طور پر صحت اور سماجی دیکھ بھال دونوں کے پیشہ ور افراد شامل ہوتے ہیں جو آپ کی صحت اور سماجی دیکھ بھال کی ضروریات کے بارے میں علم رکھتے ہیں، اور، جہاں ممکن ہو، حال ہی میں آپ کی تشخیص، علاج یا دیکھ بھال میں شامل رہے ہیں۔

CCG کی یہ ذمہ داری ہے کہ تشخیص کے عمل کو منظم کرنے کے لیے کسی کی نشاندہی کرے اور یہ شخص آپ کا رابطے کا مرکزی مقام ہونا چاہیے۔

آپ کی ضروریات کی مجموعی تصویر بنانے کے لیے تشخیص، آپ کی اجازت سے، آپ کی دیکھ بھال میں شامل کئی پیشہ ور افراد کے خیالات شامل کرے گی۔ اسے 'ضروریات کی تشخیص' کہا جاتا ہے۔ آپ کی ضروریات کی درست تصویر حاصل کرنے میں مدد کے لیے آپ کے اپنے خیالات کو پیشہ ور افراد کے خیالات کے ساتھ مناسب اہمیت دی جانی چاہیے۔ پھر مختلف شعبوں کے افراد پر مشتمل ٹیم آپ کی ضروریات کی تشخیص سے حاصل کردہ معلومات کو 'فیصلے میں معاونت کا ٹول' مکمل کرنے کے لیے استعمال کرے گی۔ اگرچہ مختلف شعبوں کے افراد پر مشتمل ٹیم عام طور پر 'روبرو' ملے گی لیکن بعض اوقات اگر لوگ ذاتی طور پر وہاں موجود نہ ہو سکتے ہوں تو یہ ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے اُن کے خیالات شامل کر سکتی ہے

۔

فیصلے میں معاونت کا ٹول استعمال کرتے ہوئے این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کی تشخیص

NHS CHC کے لیے اہلیت آپ کی ضروریات پر مبنی ہے، آپ کی تشخیص یا بیماری پر نہیں۔ فیصلے میں معاونت کا ٹول آپ کی ضروریات کی تشخیص سے حاصل کردہ معلومات کو اس طرح جمع اور پیش کرتا ہے جس سے این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کے حوالے سے یکساں قسم کی فیصلہ سازی میں مدد ملتی ہے ۔ فیصلے میں معاونت کا ٹول آپ کی مختلف ضروریات کو 12 'کیئر ڈومینز (دیکھ بھال کے شعبوں)' میں اکٹھا کرتا ہے اور ریکارڈ کرتا ہے، جنہیں کئی درجوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

اس ٹول کا مقصد مختلف شعبوں کے افراد پر مشتمل ٹیم کو آپ کی ضروریات کی نوعیت، پیچیدگی، شدت اور ناقابل پیش گوئی ہونے کی تشخیص کرنے - اور چنانچہ یہ تجویز کرنے میں کہ آپ کو 'صحت کی بنیادی ضرورت' ہے یا نہیں مدد دینا ہے

مختلف شعبوں کے افراد پر مشتمل ٹیم پھر CCG کو سفارش کرے گی کہ آپ کی صحت کی بنیادی ضرورت ہے یا نہیں، جو این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین کرے گی۔ CCG کو عام طور پر اس سفارش کو قبول کرنا چاہیے، سوائے خلاف معمول حالات کے اور اپنے فیصلے کی واضح طور پر بیان کردہ وجوہات کے ساتھ

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کے فیصلے کی اطلاع

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے بارے میں اہلیت کا فیصلہ عام طور پر جس تاریخ کو CCG کو اطلاع ملی کہ آپ کی اہلیت کی مکمل تشخیص کرنے کی ضرورت ہے (عام طور پر ایک مثبت چیک لسٹ کے ذریعے)، اُس تاریخ سے 28 کیلنڈر دنوں کے اندر اندر کر لیا جانا چاہیے، اگرچہ کچھ حالات میں فیصلہ کرنے پر 28 دن سے زیادہ وقت لگے گا۔ اس کے بعد CCG کو جتنی جلد ممکن ہو سکے اپنے فیصلے کی واضح وجوہات بتاتے ہوئے کہ آپ اہل ہیں یا نہیں آپ کو تحریری طور پر اطلاع دینی چاہیے۔ انہیں اس فیصلے پر نظرثانی کی درخواست کرنے کے آپ کے حق کی وضاحت بھی کرنی چاہیے۔

فاسٹ ٹریک پاتھ وے ٹول (تیزی سے رسائی حاصل کرنے کا ٹول)۔

اگر آپ کی بیماری تیزی سے بگڑ رہی ہے جو کہ ہو سکتا ہے کہ آخری مرحلے میں داخل ہو رہی ہو تو آپ کو این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال تک فوری رسائی حاصل کرنے کے لیے ’فاسٹ ٹریکنگ‘ کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

فاسٹ ٹریک پاتھ وے میں چیک لسٹ یا فیصلے میں معاونت کا ٹول مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کی بجائے، ایک مناسب معالج فاسٹ ٹریک پاتھ وے ٹول مکمل کرے گا تا کہ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین کیا جا سکے۔

یہ معالج مکمل شدہ فاسٹ ٹریک پاتھ وے ٹول کو براہ راست آپ کے CCG کو بھیج دے گا، جسے یہ انتظام کرنا چاہیے کہ آپ کو دیکھ بھال کا ایک پیکیج فراہم کیا جائے، عام طور پر مکمل شدہ فاسٹ ٹریک پاتھ وے ٹول کی وصولی کے 48 گھنٹوں کے اندر اندر۔

آپ کے CCG کو آپ کی دیکھ بھال کی ضروریات اور آپ کی دیکھ بھال کے پیکیج کے مؤثر ہونے کا جائزہ لینا چاہیے۔ کچھ ایسی صورتیں ہو سکتی ہیں جہاں فیصلے میں معاونت کا ٹول استعمال کرتے ہوئے این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے آپ کی اہلیت کا دوبارہ جائزہ لینا مناسب ہوتا ہے۔ اگر یہ ضروری ہے تو آپ کا CCGاحتیاط سے اس طریق کار کی وضاحت کرے گا، جیسا کہ اوپر 'تشخیصات (اسیسمنٹس)' سیکشن میں تفصیلی بیان کیا گیا ہے (صفحہ 8)۔

اگلے اقدامات

اگر آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل نہیں ہیں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل نہیں ہیں تو CCG (آپ کی اجازت سے) آپ کو آپ کی لوکل اتھارٹی کے پاس بھیج سکتا ہے جو آپ سے اس بارے میں بات کر سکتے ہیں کہ کیا آپ ان کی مدد کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل نہیں ہیں لیکن پھر بھی آپ کی صحت کی کچھ ضروریات ہیں تو پھر این ایچ ایس ابھی بھی آپ کے معاونت کے پیکج کے کچھ حصے کے لیے ادائیگی کر سکتی ہے۔ اسے ' دیکھ بھال کا مشترکہ پیکج' کہا جاتا ہے۔ ایک طریقہ جس کے ذریعے یہ فراہم کیا جاتا ہے وہ این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے ذریعے ہے (نیچے' این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر ' سیکشن دیکھیں)۔ این ایچ ایس آپ کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کے لیے دیگر مالی امداد یا سروسز بھی فراہم کر سکتی ہے۔

اگر لوکل اتھارٹی آپ کی دیکھ بھال کے کچھ پیکج کے لیے مالی معاونت فراہم کرنے میں شامل ہے تو، آپ کی آمدنی اور بچتوں پر انحصار کرتے ہوئے، ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنے کیئر پیکج کے اس حصے کے اخراجات کے لیے انہیں کچھ حصے کی ادائیگی کرنا پڑے۔ دیکھ بھال کے مشترکہ پیکیج کے این ایچ ایس کے عناصر کے لیے کوئی لاگت نہیں ہے۔

چاہے آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہیں یا نہیں، آپ ابھی بھی اپنے علاقے میں این ایچ ایس کی دیگر تمام سروسز کو این ایچ ایس کے کسی بھی دیگر مریض کی طرح استعمال کرنے کے حقدار ہیں۔

اگر آپ اپنی اہلیت کے فیصلے کے نتائج سے غیرمطمئن ہیں تو برائے مہربانی اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل میں 'اہلیت کے فیصلے پر نظرثانی کے لیے انفرادی درخواستیں' سیکشن دیکھیں۔

اگر آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے حقدار ہیں تو فراہم کی جانے والی سروسز

اگر آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہیں تو آپ کا CCG آپ کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی، سروسز کی فراہمی اور آپ کے معاملے کے انتظامات کا ذمہ دار ہوگا۔ CCGآپ کے ساتھ مختلف طریقوں (آپشنز) پر تبادلہ خیال کرے گا کہ آپ کی دیکھ بھال اور مدد کی ضروریات کو کس طرح بہترین طریقے سے فراہم کیا جائے گا اور ان کا انتظام کیا جائے گا۔

یہ فیصلہ کرتے ہوئے کہ آپ کی ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے گا، آپ کی خواہشات اور ترجیحی نتائج کا مناسب خیال رکھنا چاہیے۔ اس میں آپ کی پسندیدہ سیٹنگ کے بارے میں بات

چیت شامل ہونی چاہیے جس میں دیکھ بھال حاصل کرنی ہے (مثلاً گھر پر یا کیئر ہوم میں) اور یہ بھی کہ آپ کی ضروریات کو کیسے پورا کیا جائے گا اور کون کرے گا۔

آپ کو فراہم کیے جانے والے این ایچ ایس کے دیکھ بھال کے پیکیج کو آپ کی صحت اور متعلقہ سماجی دیکھ بھال کی ضروریات کو پورا کرنا چاہیے جیسا کہ آپ کی دیکھ بھال کے منصوبے میں نشاندہی کی گئی ہے۔

نظرثانی

مثبت اہلیت کا فیصلہ کیے جانے کے بعد آپ کے کیئر پیکج پر عام طور پر تین ماہ کے اندر اندر نظرثانی کی جانی چاہیے۔ اس کے بعد آپ کے پیکج پر کم از کم سالانہ بنیادوں پر نظرثانیاں ہونی چاہیں۔

ان نظرثانیوں کی توجہ اس بات پر ہونی چاہیے کہ کیا آپ کی دیکھ بھال کا منصوبہ یا انتظامات آپ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے موزوں ہیں۔ آپ کی دیکھ بھال کے منصوبے میں کوئی بھی تبدیلی اسی کے مطابق کی جائے گی۔

بالکل حال ہی میں مکمل کیا جانے والا فیصلے میں معاونت کا ٹول عام طور پر نظرثانی کے موقع پر دستیاب ہو گا اور ضروریات میں کسی بھی ممکنہ تبدیلی کی نشاندہی کرنے کے لیے حوالے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کی ضروریات اس حد تک تبدیل ہوچکی ہیں کہ وہ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے آپ کی اہلیت پر اثرانداز ہو سکتی ہیں، تو CCG اوپر اسیسمنٹس سیکشن میں بیان کیے گئے طریق کار کے مطابق اہلیت کی مکمل دوبارہ تشخیص کا انتظام کر سکتا ہے۔

نہ تو این ایچ ایس اور نہ ہی لوکل اتھارٹی کو آپ کی ضروریات کی دوبارہ مشترکہ تشخیص کے بغیر، اور انتظامات میں کسی بھی مجوزہ تبدیلی کے بارے میں پہلے ایک دوسرے سے اور آپ کے ساتھ مشاورت کے بغیر، اور ساتھ ہی یہ یقین دہانی کیے بغیر کے متبادل فنڈنگ یا سروسز کا انتظام کر دیا گیا ہے، موجودہ دیکھ بھال یا فنڈنگ کے انتظام سے دستبردار نہیں ہونا چاہیے۔

اہلیت کے فیصلے پر نظرثانی کے لیے انفرادی درخواستیں۔

اگر چیک لسٹ کا استعمال کرتے ہوئے سکریننگ کے بعد این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت کی مکمل تشخیص نہ کرنے کے فیصلے سے آپ اختلاف کرتے ہیں تو آپ CCG کو فیصلے پر دوبارہ غور کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ CCG کی طرف سے کیے گئے اہلیت کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہیں (فیصلے میں معاونت کا ٹول مکمل کرنے سمیت اہلیت کی مکمل تشخیص کے بعد)، یا اگر آپ کو CCG کی طرف سے اہلیت کے فیصلے تک پہنچنے کے لیے استعمال کیے گئے طریق کار کے بارے میں تشویشات ہیں تو آپ CCG کو درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ اپنے مقامی حل کرنے(ریزولوشن) کے طریق کار کے ذریعے آپ کے کیس پر نظرثانی کرے۔

جہاں مقامی حل کے طریق کار کے ذریعے معاملے کو حل کرنا ممکن نہ ہو وہاں آپ فیصلے پر غیرجانبدارانہ نظرثانی کے لیے این ایچ ایس انگلینڈ کو درخواست دے سکتے ہیں۔
این ایچ ایس انگلینڈ غیرجانبدارانہ نظرثانی سے پہلے CCG کو مزید مقامی حل کی کوشش کرنے کی درخواست کرنے پر غور کر سکتی ہے۔

ایک غیرجانبدارانہ نظرثانی کے بعد، اگر اصل فیصلہ برقرار رکھا جاتا ہے لیکن آپ غیرمطمئن رہتے ہیں تو آپ کو پارلیمانی اور صحت کی سروس کے محتسب (پارلیمینٹری اینڈ ہیلتھ سروس امبڈزمین) کے پاس شکایت کرنے کا حق حاصل ہے۔

کسی بھی شخص کو این ایچ ایس، لوکل اتھارٹی یا دیکھ بھال کے کسی بھی فراہم کنندہ سے حاصل کردہ سروس کے کسی بھی پہلو کے بارے میں شکایت کرنے کا حق حاصل ہے۔ شکایات کے طریق کار کی تفصیلات متعلقہ ادارے سے دستیاب ہیں۔

این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر

نرسنگ والے کیئر ہومز میں موجود افراد کے لیے، عام طور پر کیئرہومز خود ہی رجسٹرڈ نرسیں ملازم رکھتے ہیں۔ رجسٹرڈ نرس کے ذریعے اس طرح کی نرسنگ کی دیکھ بھال کی فراہمی کے لیے رقم فراہم کرنے کے لیے این ایچ ایس کیئر ہوم کو براہ راست ادائیگی کرتی ہے۔ اسے ' این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر' کہا جاتا ہے اور یہ اہل افراد کے لیے رجسٹرڈ نرسنگ کیئر فراہم کرنے کے اخراجات میں ایک سٹینڈرڈ ریٹ (معیاری شرح) کا حصہ ہے۔ لوکل اتھارٹیز کو رجسٹرڈ نرسنگ کیئر فراہم کرنے یا اس کے لیے رقم فراہم کرنے کی اجازت نہیں ہے (سوائے بہت محدود حالات کے)۔

رجسٹرڈ نرسنگ کیئر میں دیکھ بھال کے بہت سے مختلف پہلو شامل ہو سکتے ہیں۔ اس میں نرسنگ کے براہ راست کاموں کے ساتھ ساتھ آپ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے نرسنگ اور صحت کی دیکھ بھال کے کاموں کی منصوبہ بندی، دیکھ بھال اور نگرانی شامل ہو سکتی ہے۔

این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے لیے اہلیت کا تعین کرنا

این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے آپ کی اہلیت پر ہمیشہ آپ کی این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کی ضرورت کے بارے میں فیصلہ کرنے سے پہلے غور کیا جانا چاہیے۔

آپ این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے اہل ہیں اگر:

- آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے اہلیت نہیں رکھتے لیکن آپ کی تشخیص کی گئی ہے کہ آپ کو ایک رجسٹرڈ نرس کی خدمات کی ضرورت ہے اور یہ تعین کیا گیا ہے کہ آپ کی مجموعی ضروریات نرسنگ والے کیئر ہوم میں مناسب ترین طریقے سے پوری کی جائیں گی۔

- آپ کسی ایسے کیئر ہوم کے اندر رہائش پذیر ہیں جو نرسنگ کیئر فراہم کرنے کے لیے رجسٹرڈ ہے۔

این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے لیے تشخیص

اگر این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے لیے مختلف شعبوں کے افراد پر مشتمل ٹیم کے ذریعے پہلے ہی آپ کی مکمل تشخیص ہو چکی ہے تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے لیے علیحدہ تشخیص کی ضرورت نہ ہو، کیونکہ زیادہ تر معاملات میں یہ عمل CCG کو این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کی ضرورت کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے کافی معلومات فراہم کرے گا۔

اگر ضروری ہو تو، آپ کا CCG ایک تشخیص کا انتظام کر سکتا ہے تا کہ اس بات کا تعین کیا جا سکے کہ آپ این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے اہل ہیں یا

نہیں۔ یہ فیصلہ نرسنگ کی ضروریات کی تشخیص پر مبنی ہوسکتا ہے جو آپ کی روز مرہ کی دیکھ بھال اور معاونت کی ضروریات کی صراحت کرتی ہے۔ جن لوگوں کواین ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کی اہلیت کے لیے مکمل تشخیص کی ضرورت نہیں ہے وہ پھر بھی این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی

نرسنگ کیئر کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کا ریٹ

2007 سے این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر سنگل بینڈ ریٹ پر مبنی رہی ہے۔ یہ ریٹ کسی رجسٹرڈ نرس کے ذریعے نرسنگ کیئر کی فراہمی میں مدد دینے کے لیے این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کیا جانے والا حصہ ہے، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ اگر آپ این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے اہل ہیں تو آپ کا CCG قومی سطح پر متفقہ ریٹ پر آپ کے کیئر ہوم کو براہ راست ادائیگی کا انتظام کرے گا۔ پھر کیئر ہوم کی فیس کا بقایا حصہ آپ، آپ کا نمائندہ یا آپ کی لوکل اتھارٹی (یا یہ مل کر) ادا کریں گے سوائے اُس صورت کے کہ دیگر معاہدہ جاتی انتظامات کیے گئے ہوں۔

این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر پر نظرثانی

این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے لیے آپ کی ضرورت پر نظرثانی عام طور پر 3 ماہ کے بعد، اور پھر کم از کم سالانہ کی جائے گی۔ ان نظرثانیوں میں اس بات پر بھی غور کیا جائے گا کہ کیا آپ کی ضروریات ایسی بدل گئی ہیں کہ آپ یا تواب این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے اہل نہیں ہیں یا شاید اب آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہیں۔ یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ کیا اب آپ این ایچ ایس کی طرف سے فراہم کی جانے والی صحت کی مسلسل دیکھ بھال کے اہل ہو سکتے ہیں، عام طور پر این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر پر نظرثانی کے موقع پر ایک چیک لسٹ مکمل کی جائے گی۔ تاہم، جہاں ایک چیک لسٹ اور/یا فیصلے میں معاونت کا ٹول پہلے مکمل کیے گئے ہیں اور یہ واضح ہے کہ آپ کی ضروریات میں کوئی اہم تبدیلی نہیں ہوئی ہے تو پھر چیک لسٹ یا فیصلے میں معاونت کے ٹول کو دہرانا ضروری نہیں ہونا چاہیے۔

این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے فیصلے پر عدم اطمینان۔

اگر آپ این ایچ ایس کی مالی مدد سے فراہم کی جانے والی نرسنگ کیئر کے متعلق فیصلے سے خوش نہیں ہیں تو، آپ CCG کو فیصلے پر نظرثانی کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں اور/یا CCG کے شکایات کے طریق کار کو استعمال کر سکتے ہیں۔